# فہرست


| سیریل نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1. | بلوچستان میں دہشت گردی کا شکار شہریوں کی (امداد اور بحالی) کا ایکٹ، مجریہ 2014. | 1 |
| 2. | تمہید۔ | 1 |
| 3. | باب اول<br>ابتدائیہ<br>مختصر عنوان وسعت اور نفاذ۔ | 1 |
| 4. | تعریفات۔ | 1 |
| 5. | باب دوم<br>متاثرہ شہریوں کے حقوق<br>متاثرہ شہریوں کا حق۔ | 3 |
| 6. | متاثرہ شہریوں کا فنڈ۔ | 3 |
| 7. | بحالی۔ | 3 |
| 8. | باب سوئم<br>امداد اور بحالی کا طریقہ کار<br>متاثرہ شہری کی جانچ۔ | 3 |
| 9. | متاثرہ شہریوں کی طبی نگہداشت۔ | 4 |
| 10. | متاثرہ شہریوں کی بحالی۔ | 4 |
| 11. | ادائیگیوں کا طریقہ۔ | 5 |
| 12. | مقرر کردہ افسر کو درخواست۔ | 5 |
| 13. | مساویانہ سلوک۔ | 5 |
| 14. | اپیل۔ | 6 |

| | | |
|---|---|---|
| 15. | حکومت کے باقی ماندہ اختیارات۔ | 6 |
| 16. | مبنی برفراڈادائیگیاں۔ | 6 |
| 17. | | 6 |

## باب چہارم

## متفرقات

| | | |
|---|---|---|
| | افسران کی مدد۔ | |
| 18. | قانون کی تشہیر۔ | 7 |
| 19. | کارکردگی کا آڈٹ۔ | 7 |
| 20. | ایکٹ دیگر قوانین سے متصادم نہیں۔ | 7 |
| 21. | قانونی ذمہ داری سے بری الذمہ ہونا۔ | 7 |
| 22. | عملہ کی تربیت. | 7 |
| 23. | سالانہ رپورٹ۔ | 8 |
| 24. | قوانین۔ | 8 |
| 25. | تنسیخ اوراستثناء۔ | 8 |

# بلوچستان میں دہشت گردی کا شکار شہریوں کی (امداد اور بحالی) کا ایکٹ، مجریہ 2014

## ایکٹ نمبر IV، مجریہ 2014

## ایکٹ

دہشت گردی کا شکار شہریوں اور ان کے خاندانوں کو درپیش مشکلات و مصائب کے حل کے حوالہ سے ادارہ جاتی ردعمل کا اظہار کرنا دہشت گردی کے واقعات کا شکار شہریوں کو مدد فراہم کرنا اور انکی بروقت حیثیت تسلیم کرنا: ''ریلیف، صحت عامہ اور بحالی کے حوالہ سے دہشت گردی کا شکار شہریوں کے حق تسلیم کرنا کہ وہ ریاستی امداد کے حقدار ہیں اس نوعیت کی امداد کے حوالہ سے مناسب فنڈز کا انتظام کرنا، دہشت گردی کے واقعات میں شہریوں کو پہنچنے والے نقصان کا تجزیہ تحقیق اور جانچ کے حوالہ سے موثر میکنزم کی تشکیل اور ضمنی امور نمٹنا۔

تمہید۔ ہر گاہ یہ امر ضروری ہے کہ دہشت گردی کا شکار اور ان کے خاندانوں کو امداد فراہم کرنے اور ان کی بحالی کے حوالہ سے ادارہ جاتی ردعمل فراہم کرنے کے حوالے سے ضروری اقدامات کئے جائیں اور ایسے ہی دیگر متعلقہ اور ضمنی امور کے حوالہ سے:

یہ اس طریقہ سے نافذ العمل ہوگا:

## باب اول

## ابتدائیہ

مختصر عنوان وسعت اور نفاذ۔ 1. (1) ایکٹ ہذا بلوچستان میں دہشت گردی کا شکار شہریوں کی (امداد و بحالی) کا ایکٹ، مجریہ 2014ء کہلائے گا۔

(2) ماسوائے قبائلی علاقہ جات یہ تمام بلوچستان پر نافذ العمل ہوگا۔

(3) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا اور 14 مئی 2013 سے موثر تصور کیا جائیگا۔

تعریفات۔ 2 ایکٹ ہذا میں ماسوائے کسی دیگر چیز کہ جو عنوان اور متن سے مطابقت نہ رکھتی ہو۔

(الف) ''ایکٹ'' سے مراد بلوچستان دہشت گردی کا شکار شہریوں کی (امداد و بحالی) کا ایکٹ، مجریہ 2014ء ہے؛

(ب) ''شکار ہونے والے شہری'' سے مراد ہے ایسا کوئی شخص جو دہشت گرد نہ ہو اور نہ ہی ڈیوٹی پر موجود قانون نافذ کرنے والے ادارے کا کوئی اہلکار، جسکے جسم یا املاک کو کسی، دہشت گردی کے واقعہ کے نتیجہ میں نقصان پہنچا ہو، اور اس شخص کی موت کی صورت میں، بشمول شکار ہونے والے کے شریک حیات، یا شریک حیات کی غیر موجودگی میں جو موجود ہو، بچے، ماں، باپ، چھوٹے، بچہ یا شکار ہونے والے کے دیگر قانونی وارث؛

(ج) ''کمشنر'' سے مراد کسی ڈویژن یا علاقہ کا کمشنر؛

(د) ''خاندان کا رکن'' سے مراد شریک حیات وہ بچہ جسکا اِن پر انحصار ہو، والدین جنکا اس پر انحصار ہو اور کوئی ننھا بچہ جو اس پر انحصار کرتا ہو؛

(ھ) ''حکومت'' سے مراد حکومت بلوچستان ہے؛

(و) ''حفظان صحت'' میں شامل ہیں کسی بیماری کی تشخیص وعلاج نفسیاتی دیکھ بھال اور صدمہ کا اعلاج؛

(ض) قانون نافذ کرنے والے ادارے سے مراد ہے پولیس، لیویز، فرنٹیر کور یا حکومت کی جانب سے کوئی ادارہ؛

(ح) ''مقررہ افسر'' سے مراد کسی ضلع کا اعلیٰ انتظامی افسر یا ملازمت پاکستان سے وابستہ کوئی دوسرا شخص جسکا تقرر حکومت نے ضلع میں کیا ہو؛

(ط) ''مجوزہ'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت تشکیل کردہ اور تجویز کردہ قواعد؛

(ی) ''شیڈول'' سے مراد ایکٹ ہذا سے منسلک شیڈول؛

(ک) ''دہشت گرد'' سے مراد ایسا شخص جس نے دہشت گردی کا کوئی عمل کیا ہو، کرنے کا ارادہ رکھتا ہو، ایسا کرنے کی کوشش کرے جس پر دہشت گردی کا الزام ہو؛

(ل) ''دہشت گردی کی کاروائی'' سے مراد ایسا غیر قانونی اقدام جس میں کوئی دھماکہ خیز مواد، ہتھیار یا طاقت کا کوئی اور زریعہ استعمال کیا ہو کسی دہشت گرد کی جانب سے کسی شخص یا املاک کے خلاف، جس کا مقصد عوام کو یا عوام کے کسی طبقہ، حکومت، وفاقی حکومت یا حکومت کے کسی ادارے یا اتھارٹی کے خلاف دھونس، دھمکی کا استعمال کرتے ہوئے سیاسی، فرقہ وارانہ، مذہبی، نسلی ولسانی یا سماجی مقاصد کا حصول بشمول، کوئی خود کش عملہ، فرقہ وارانہ تشدد اور ایک دہشت گرد اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کے درمیان کوئی مسلح تصادم ہو؛

## باب دوم

## متاثرہ شہریوں کے حقوق

متاثرہ شہریوں کا حقوق۔ 3. (1) ماسوائے کسی ایسی چیز کے جو کسی دوسرے قانون میں موجود ہو ہر شہری حقدار ہوگا کہ کسی دہشت گردی کی کاروائی کی صورت میں پہنچنے والے جسمانی و مالی نقصان کے حوالے سے اُسے شیڈول میں درج کم از کم عطائیگی کی جائے۔

(2) حکومت سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعہ شیڈول میں ترمیم کرسکتی ہے کسی متاثرہ شہری کو قابل ادائیگی کم از کم رقم میں اضافہ کیا جائے یا نقصان کی کوئی دوسری شکل اس میں شامل کی جائے اور اس قسم کے نقصان کے حوالے سے کم از کم رقم کا تعین کیا جائے۔

متاثرہ شہریوں کا فنڈ۔ 4. (1) حکومت ایک نوٹیفکیشن کے ذریعہ صوبائی کنسولیڈیٹڈ فنڈ میں سے متاثرہ شہریوں کا ایک فنڈ قائم کرے گی تا کہ دہشت گردی کا شکار شہریوں کو بروقت ادائیگی کی جاسکے۔

(2) حکومت ایکٹ ہذا کے تحت اپنے فرائض وذمہ داریوں کی ادائیگی کے پیش نظر متاثرہ شہریوں کے فنڈ میں خاطر خواہ رقم کی فراہمی کو یقین بنائے گی۔

بحالی۔ 5. حکومت مجوزہ طریقہ کار کے مطابق مقررہ افسر کو ہدایت کریگی کہ دہشت گردی کا شکار شہریوں کے کسی طبقہ اور ان کے خاندان کے افراد کی بحالی کا منصوبہ تشکیل دے، بالخصوص ان پر انحصار کرنے والے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے، متاثرہ شہریوں اور ان کے خاندان کے افراد کو صحت عامہ کی سہولیات اور روزگار کی فراہمی کا بندوبست کرے۔

## باب سوئم

## امداد اور بحالی کا طریقہ کار

متاثرہ شہری کی جانچ۔ 6. (1) مقررہ افسر جتنا جلد ممکن ہو سکے ترجیحاً کسی دہشت گردی کے واقعہ کے رونما ہونے کے پندرہ یوم کے اندر حکومت کو دہشت گردی کے واقعہ اور اسکا شکار ہونے والے شہریوں کی بابت تفصیلات سے آگاہ کرے گا۔

(2) دہشت گردی کے واقعہ سے متعلق تفصیلات یہ ہو سکتی ہیں۔

(الف) دہشت گردی کے واقعہ کا وقت، تاریخ، جگہ اور اسکی نوعیت وغیرہ؛

(ب) دہشت گردی کے واقعہ میں استعمال ہونے والا دھماکہ خیز مواد کوئی آتش گیر مادہ، آتشی ہتھیار یا طاقت کے ذرائع کا استعمال وغیرہ؛

(ج) دہشت گردی کے واقعہ کے مقاصد دہشت گرد کا بیان وغیرہ؛

(د) قانون نافذ کرنے والے ادارہ جس نے کارروائی کی اور دہشت گرد کا نام جسکے خلاف کارروائی کی گئی؛

(ھ) متاثرہ شہری کی نام کے ہمراہ تفصیلات اور اسکے جسم اور املاک کو پہنچے والے نقصان کی تفصیل؛

(و) متاثرہ شہری کے شریک حیات اور اس دیگر قریبی رشتہ داروں کی تفصیلات؛

(ض) ذیلی دفعہ 3 کے تحت دہشت گردی کا شکار شہری کے حق ادائیگی کی تفصیلات

(ح) متاثرہ شہری کو ادا کیا جانیوالا اضافی یا ماہانہ معاوضہ کی تفصیلات کی فراہمی، اسکو ختم کرنے کی تجویز کی وجوہات؛ اور

(ط) قانون نافذ کرنے والے ادارے محکمہ صحت تعمیرات، لائیو اسٹاک کی رپورٹ۔

(3) حکومت مقررہ افسر سے اطلاع موصول ہونے کے سات یوم کے اندر اندر مقررہ افسر کو آگاہ کرتے ہوئے متاثرہ شہری کو مطلوبہ معاوضہ ایک اکاؤنٹس میں منتقل کرے گی جسے مقررہ افسر آپریٹ کرے گا۔

(4) مقررہ افسر ذیلی دفعہ (3) کے تحت اطلاع موصول ہونے کے تین یوم کے اندر، کراس چیک، ڈیمانڈ ڈرافٹ یا بنک کے چیک کے ذریعہ متاثرہ شہری کو جیسے ادائیگی مطلوب ہو، رقم کی ادائیگی کریگا۔

(5) حکومت قواعد سے مشروط، وقفوں کی بنیاد پر مقررہ افسران کو فارم یا دیگر تفصیلات ارسال کرے گی، مواصلات کے مخصوص ذرائع کو استعمال میں لاتے ہوئے مقررہ افسران اور حکومت کے درمیان رابطہ کیا جائیگا تا کہ مواصلات کی رفتار اور اسکی نوعیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

متاثرہ شہریوں کی طبی نگہداشت۔ 7. (1) مقررہ افسر دہشت گردی کا شکار شہری کو حکومت، مقامی اتھارٹی یا حکومت کے کسی اور ادارہ کے زیر کنٹرول یا ملکیت میں چلنے والے ہسپتال سے فوری علاج معالجہ کی فراہمی کو یقینی بنائے گا۔

(2) اگر مقررہ افسر مطمئن ہو کہ متاثرہ شہری کا علاج کسی نجی ہسپتال میں قابل جواز ہے تو مقررہ افسر حکومت کو درخواست کریگا کہ متاثرہ شہری کے فوری علاج معالجہ کے حوالے سے مطلوبہ رقم کی منتقلی عمل میں لائی جائے۔

متاثرہ شہریوں کی بحالی۔ 8. (1) مقررہ افسر ایک متاثرہ شہری کے طبی علاج معالجہ اور معاوضہ کی ادائیگی کے علاوہ حکومت کو متاثرہ شہری کی بحالی کے حوالے سے اقدامات تجویز کرے گا تاہم وجوہات کا ضبط تحریری میں لانا ضروری ہے۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے اقدامات میں شامل ہیں.

(الف) متاثرہ شہری کو ایک مخصوص مدت کیلئے ماہانہ عطائیگیاں۔

(ب) متاثرہ شہری یا اسکے خاندان کے افراد کی تعلیم یا فنی تربیت، حکومت کے خرچ پر؛ اور۔

(ج) متاثرہ شہری یا اس کے خاندان کے افراد کی مسلسل طبی نگہداشت۔

(3) اگر حکومت کو دفعہ ہذا کے تحت کوئی تجویز موصول ہو تو وہ مقررہ افسر کی پیش کردہ تجویز کو مکمل یا جزوی طور پر قبول کر سکتی ہے۔

ادائیگیوں کا طریقہ کار۔ 9. (1) کسی متاثرہ شہری کے علاج معالجہ کے حوالہ سے ایکٹ ہذا کے تحت کسی نجی ہسپتال کو کی گئی تمام ادائیگیاں مقررہ افسر کی جانب سے ایک کراس چیک، ڈیمانڈ ڈرافٹ، بنک کے چیک یا ادائیگی کو یقینی بنانے کیلئے کسی دیگر ذریعہ سے کی جائیں گی۔

(2) مقررہ افسر مجوزہ فارم پر متاثر شہریوں یا ان کے خاندان کے افراد کے علاج معالجہ کے حوالہ سے کسی نجی ہسپتال کو کی گئی ادائیگیوں کا تفصیل ریکارڈ مرتب کریگا۔اور اس ریکارڈ کی ایک نقل حکومت کو بھی ارسال کرے گا۔

مقرر کردہ افسر کو درخواست۔

10. (1) کوئی شخص اس دعوے کے ساتھ مقررہ افسر کو درخواست دے سکتا ہے۔

(الف) ایکٹ ہذا کے تحت مقررہ کردہ معاوضہ کا حقدار ہونے کی ضمن میں بطور ایک متاثرہ شہری؛ اور

(ب) یہ کہ کوئی ایسا شخص جس کو متاثرہ شہری قرار دیا گیا ہے لیکن وہ متاثرہ شہری نہیں ہے تو وہ ایکٹ ہذا کے تحت کسی قسم کی ادائیگی یا ادائیگی کے کچھ حصہ کا حقدار نہیں ہے۔

(2) اگر ذیلی دفعہ (1) کے تحت کوئی درخواست دی گئی ہو تو مقررہ افسر تحقیقات کے بعد جو کہ ضروری ہوں، معاملہ سے متعلق حقائق و حالات واقعات کے تناظر میں اس قسم کی درخواست موصول ہونے کی تاریخ کے پندرہ یوم کے اندر اس قسم کی درخواست پر فیصلہ دے گا۔

مساویانہ سلوک۔

11. (1) کسی قسم کی قابل جواز پابندیوں سے مشروط جیسا کہ بیان کی گئی ہوں آرڈیننس کے تحت اعلان کردہ امداد اور تمام متاثرہ شہریوں کیلئے مساویانہ طور پر دستیاب ہوگی اور اس امداد کے حوالہ سے جس مذہب، نسل رنگ اور رہائش کی جگہ کی بنیاد پر کوئی تعنا نہیں برتا جائیگا۔

(2) مقررہ افسر، کمشنر یا حکومت عمر جنس، مذہب رنگ نسل یا رہائش کی جگہ کی بنیاد پر کسی متاثرہ شہری کے حوالہ سے تفاوت نہیں برتے گا۔

اپیل۔

12. (1) مقررہ افسر کے کسی فیصلہ سے متاثرہ کوئی بھی شخص فیصلہ موصول ہونے کے تیس یوم کے اندر کمشنر یا کسی ایسے دوسرے افسر کو جسے حکومت نے اس نوعیت کے اختیار تفویض کئے ہوں اپیل کریگا اور اس قسم کی اپیل پر دیا جانے والا فیصلہ حتمی ہوگا۔

(2) اپلیٹ اتھارٹی دلچسپی رکھنے والے کسی بھی شخص کو شنوائی کا ایک موقع فراہم کرے گی اور زبانی حکم کے ذریعہ اپیل دائر ہونے کے تیس یوم کے اندر اس اپیل پر فیصلہ دے گی۔

حکومت کے باقی ماندہ اختیارات۔

13. (ا) حکومت کسی بھی مرحلہ پر وجوہات کو تحریری لاتے ہوئے کسی شخص کو متاثرہ شہری قرار دے سکتی ہے اور مقررہ افسر کو ہدایت کرسکتی ہے کہ باب ہذا کی تصریح کے تحت اس متاثرہ شہری کو ادائیگی کرے۔

(2) کمشنر اور مقررہ افسر ایکٹ ہذا اور اس کے تحت تشکیل دیئے گئے قواعد سے مشروط حکومت کی ہدایات کے پابند ہوں گے۔

مبنی بر فراڈ ادائیگیاں۔

14. (1) ایکٹ ہذا کے تحت کی گئی ادائیگی کے تین برس کے اندر اگر مقررہ افسر یا کمشنر پر یہ اشکارہ ہوتا ہے کہ ایکٹ ہذا کے تحت کی گئی کوئی ادائیگی کسی فراڈ یا غلط نمائندگی کی بنیاد پر کی گئی ہے، مقررہ افسر یا کمشنر کی قانون کے تحت کی گئی کسی کارروائی کے علاوہ اس شخص سے اداشدہ رقم کی وصولی کر سکتا ہے جو یہ رقم حاصل کرنے کا حقدار نہ تھا، تاہم مذکورہ شخص کو شنوائی کا ایک موقع فراہم کیا جائیگا۔

(2) کوئی شخص جو ذیلی دفعہ (1) کے تحت کمشنر کے کسی فیصلہ سے متاثر ہو فیصلہ کی ترسیل کی تاریخ کے تیس یوم کے اندر حکومت کو ایک اپیل کرے گا اور اس ضمن میں اس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

(3) ذیلی دفعہ (2) کے تحت کی جانیوالی اپیل کے ضمن میں حکومت کسی بھی دلچسپی رکھنے والے شخص کو شنوائی کا موقع فراہم کرے گی اور ایک زبانی حکم کے ذریعہ اپیل دائر ہونے کی تاریخ کے تیس یوم کے اندر اس اپیل پر فیصلہ صادر کرے گی۔

## باب چہارم

## متفرقات

افسران کی مدد۔

15 (1) حکومت، مقامی حکومتیں کا ادارے اور تمام افسران ایکٹ ہذا کے تحت امور کی انجام دہی کے حوالہ سے کمشنر اور مقررہ افسر کی مدد کے پابند ہوں گے۔

(2) ایکٹ ھذا کے تحت اپنے امور کی انجام دہی کے دوران کمشنر یا کوئی مقرر کردہ افسر حکومت یا مقامی حکومت کی کسی ایجنسی سے کوئی معلومات طلب کر سکتا ہے اور وہ ایجنسی اس نوعیت کی معلومات فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

قانون کی تشہیر۔

16. حکومت ایکٹ ھذا کے تحت حقوق، ضوابط اور مشکلات کے حل کیلئے وقفوں میں الیکٹرونک، ریڈیو اور پرنٹ میڈیا میں تشہیری مہم چلائے گی۔

کارکردگی کا آڈٹ۔

17. (1) حکومت وقفوں کے دوران ایکٹ ھذا کے تحت پیش کردہ خدمات کی اور کی گئی ادائیگیوں کا ایک کارکردگی آڈٹ کروائے گی یا کرے گی۔

(2) کارکردگی آڈٹ میں مقرر کردہ افسران ،کمشنرز اور حکومت کی جانب سے دہشت گردی کا شکار شہریوں کے حوالے سے پیش کردہ خدمات کے معیار کی تفصیل شامل ہوں گی بشمول مستقبل میں مزید بہتری لانے کیلئے کمزوریوں کی نشاندہی اور سفارشات۔

ایکٹ دیگر قوانین سے متصادم نہیں۔ 18. (1) ماسوائے ایکٹ میں فراہم کردہ کسی چیز کے، ایکٹ کی تصریحات کسی دوسرے قانون کے برخلاف نہیں بلکہ اسکے اضافی ہیں۔

(2) ایکٹ میں موجود کسی چیز کے برعکس کسی شخص کے معاوضہ کا حق بے باق ہوگا اور نہ ان میں تبدیلی ہو گی اور حکومت اور اسکے کوئی سے بھی اہلکار کسی دیگر قانون کے تحت عائد کسی دوسری ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوں گے۔

قانونی ذمہ داری سے بری الذمہ ہونا۔ 19. کسی دیگر قانون میں موجود کسی چیز کے برعکس ایکٹ ھذا کے تحت دہشت گردی کا شکار کسی شہری کو کی گئی ادائیگی کا مفہوم یہ تسلیم کرنا نہیں ہوگا کہ حکومت کی جانب سے یا حکومت کے کسی اہلکار کی جانب سے کوئی غلطی سرزد ہوئی ہے۔

عملہ کی تربیت۔ 20. حکومت وقفوں کے دوران مقرر کردہ افسران ،کمشنروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں ،صحت، تعمیرات اور لائیوسٹاک کے محکمہ جات کے ملازمین کی تربیت کا بندوبست کرے گی تا کہ ایکٹ ھذا کے مقاصد کی تکمیل ہو سکے۔

سالانہ رپورٹ۔ 21. (1) حکومت مالی سال کے اختتام کے تین ماہ کے اندر بلوچستان صوبائی اسمبلی کو ایک سالانہ رپورٹ پیش کرے گی۔

(2) سالانہ رپورٹ مشتمل ہوگی۔

(الف) دہشت گردی کا شکار لوگوں کو دوران سال دی جانے والی امداد کا مکمل گوشوارہ;

(ب) دیر کی وجوہات ،اگر کوئی ہوں جو دہشت گردی کے شکار لوگوں کو ادائیگی اور مجوزہ حل ;

(ج) آڈٹ رپورٹ کارکردگی ،اگر کوئی ہو، اور

(د) حکومت کی طرف سے منظور کیئے گئے یا تجویز کیئے گئے دیگر معاملات۔

قوانین۔ 22. (1) حکومت سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعہ ایکٹ ہذا کے مقاصد کے حصول کیلئے قوانین بنا سکتی ہے خاص طور پر اور متروک اختیارات جن کیلئے ایسے قوانین بنا گئے ہیں یا مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک معاملہ۔

(الف) مقرر کردہ افسر کو درخواست کا پیش کرنا;

(ب) ہیئت طریقہ کار دہشت گردی کے شکار لوگوں کی جانے والی ادائی یا اُسکے خاندان کے کسی فرد کو;

(ج) دہشت گردی کا شکار مکانات کی مرمت اور تعمیر;

(د) حیوانات کے نقصان کا ازالہ یا کاروبار جو کہ دہشت گردی کی وجہ سے متاثر ہو;

(ح) مقرر کردہ افسر اور حکومت کے درمیان معلومات کی تفصیل جو کہ دہشت گردی کے شکار کو ادا کی گئی ہو اور مستند معلومات;

(و) دہشت گردی کے شکار لوگوں اور اُنکے کنبہ کی بحالی;

(ز) دہشت گردی کے شکار لوگوں کا طبی علاج;

(ھ) ایکٹ ہذا کے تحت اطلاعات کی اشاعت کا ریکارڈ;

(ط) ایکٹ ہذا کے تحت درخواست اپیل اور فیصلہ کا طریقہ کار; اور

(ی) حسابات منظم رکھنا۔

تنسیخ اور استثناء۔ 23. (1) بلوچستان دہشت گردی کے شکار (ریلیف اور بحالی) کا آرڈیننس، 2013 (آرڈیننس نمبر 1 مجریہ 2013) منسوخ کیا جاتا ہے۔

(2) باوجود اس کے کہ بلوچستان دہشت گردی کا شکار (ریلیف اور بحالی) آرڈیننس، 2013 (آرڈیننس نمبر 1 مجریہ 2013) جسکا مابعد حوالہ منسوخ آرڈیننس کے طور پر دیا جائیگا میں کی گئی کوئی چیز کی گئی، کوئی چیز جاری کی گئی کوئی حکم یا نوٹیفکیشن، کسی تحقیقی یا کاروائی آغاز کسی مجاز شخص دیئے گئے اختیارات، ادائی یا جاری کیا گیا کوئی حکم جو دہشت گردی کا شکار کو ایکٹ ہذا کی کسی شرط کے تحت جاری کیا گیا ہو جاری رہے گا اور کیا ہوا، لیا ہوا ایکٹ ہذا کے تحت جاری کیا ہوا۔ متصور ہوگا۔ یہاں تک کہ یہ منسوخ نہ ہو جائے، واپس لے لیا جائے، منسوخ کر دیا جائے تبدیل یا ایکٹ ہذا کی شرائط کے مطابق بدل دیا جائے۔

| نمبر شمار | دہشت گردی کے شکار کو نقصان کی قسم۔ | | نقصان کی وسعت | | کم سے کم امداد کی رقم | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | موت | | | | 1,000,000/- | |
| 2. | شدید زخم۔ | | کسی عضو کے کٹ جانا یا نا کارہ ہو جانا۔ | | 500,000/- | |
| 3. | واضع زخم۔ | | کسی نقصان کی وجہ سے دو ہفتہ سے زائد کام نہ کر سکنا۔ | | 100,000/- | |
| 4. | رہائش گاہ۔ | (1) | مکمل تعمیر، اور | | 500,000/- | |
| | | (2) | کچھ حصہ کی تعمیر | | 100,000/- | |
| 5. | دکان، کیاسک یا کاروباری انتظام کی جگہ۔ | (1) | مکمل تعمیر، اور | | 500,000/- | |
| | | (2) | کچھ حصہ کی تعمیر | | 100,000/- | |
| 6. | گاڑی۔ | (الف) | بس، ٹرک یا کوئی بڑی گاڑی | (الف) | 1,000,000/- | (بڑا نقصان) |
| | | | | | 80,000/- | (چھوٹا نقصان) |
| | | (ب) | کار جیپ یا دیگر چار یا تین پہیوں والی، اور | (ب) | 200,000/- | (بڑا نقصان) |
| | | | | | 40,000/- | (چھوٹا نقصان) |
| | | (ج) | موٹر سائیکل یا سکوٹر | (ج) | 20,000/- | بڑا نقصان |
| 7. | حیوانات کا نقصان۔ | (الف) | بھینس، گائے یا گھوڑا، اور | (الف) | 40,000/- | ہر ایک کیلئے |
| | | (ب) | بھیڑ، بکری اور گدھا | (ب) | 10,000- | ہر ایک کیلئے۔ |